ایم فل، پی ایچ ڈی کے طلبہ اور
محققین کے لیے رہنما کتاب

مابعد جدیدیت

POST MODERNISM

(اصطلاحات اور معانی و تعبیرات و تشریحات)

ڈاکٹر اقبال آفاقی

NBF

فہرست

اصطلاحات کی تصریحات وتشریحات

A

B

C

D

Altermodern جس میں اُس نے اپنے فن کے تعارفی بیان میں مابعد جدیدیت سے آگے جانے کی بات کی اور ہم عصر ثقافت کی تبدیلیوں کو گرفت میں لانے کے لیے نئے راستوں کی تلاش پر اصرار کیا۔

سرمایہ داری مخالف (Anti capitalism)

گزشتہ برسوں میں سرمایہ داریت مخالف تحریک منظرِ عام پر آئی ہے۔اس کا مقصد عالم گیریت کے غیر منصفانہ نظام کے خلاف شدید آواز اُٹھانا ہے۔خصوصاً بین الاقوامی تجارت اُس کے احتجاج کا ہدف ہے۔ترقی پذیر ملکوں کے لیے ایک نئے انداز کا نوآبادیاتی نظام وجود میں آ رہا ہے جو مغرب اور ان کے درمیان ایک تعلق استوار کر رہا ہے جو تیسری دنیا کے وسائل اور محنت کا ظالمانہ استحصال کر رہا ہے تاکہ مغربی دنیا کی منڈیوں کے لیے سستی اشیائے صرف مہیا کی جا سکیں۔

اس تحریک کے حامیوں میں سے ایک ناوی کلین بھی ہے جس نے اپنی بہت زیادہ بکنے والی کتاب No Logo (2001) میں ملٹی نیشنل ازم کے کردار کو شدید طور پر ہدفِ تنقید بنایا ہے۔ان بین الاقوامی کاروباری اداروں نے مغرب کی استحصال پسندی کو کھل کر بیان کیا۔ ناوی کلین کے مطابق ملٹی نیشنل کمپنیوں کا کردار صریحاً غیر اخلاقی ہے۔

اینٹی سرمایہ داری تحریک نے بین الاقوامی اداروں مثلاً ورلڈ ٹریڈ آرگنائزیشن (WTO) پر کھل کر تنقید کی ہے۔اُن کے اکثر جلسوں میں پولیس اور احتجاج کرنے والوں کے درمیان تصادم وقوع پذیر ہوا۔اس تحریک کو لیوتار کے چھوٹے بیانیوں کے تصور کے حوالے سے دیکھا جا سکتا ہے۔یہ لوگ زمینی سطح کے معاملات کو اہمیت دیتے ہیں۔اس تحریک کا مقصد سیاسی طاقت کے سرچشموں کو چیلنج کرنا ہے۔ اس قسم کی تحریکوں کو سیاسی جماعتوں کا نام نہیں دیا جا سکتا۔سرمایہ داری مخالف تحریک کو اس زاویہ نظر سے دیکھا جائے تو معلوم ہوگا کہ یہ بھی ایک مابعد جدید تحریک ہے۔کیونکہ یہ کسی مہا بیانیے کی حامی نہیں۔ اس تحریک کو مابعد جدیدیت کا اشکالی (Problematic) پہلو بھی کہا جا سکتا ہے کیونکہ یہ تحریک یہ تو بتاتی ہے کہ بطور تحریک کس کے خلاف ہے لیکن یہ نہیں بتاتی کہ اس کی جگہ وہ کیا کچھ کرنا چاہتی ہے۔